| حصہ "ب" | (مختصر جواب کے سوالات) | کل نشانات: ۳۰ |
|---|---|---|

## 'کلی معاشیات' (نشانات: ۱۸)

سوال نمبر۲: مندرجہ ذیل میں سے کسی تین جزوی سوالات کے جوابات لکھیے۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

(i) خام قومی پیداوار (GNP) اور خالص قومی پیداوار (NNP) کی تعریف کیجیے۔

(ii) قدر زر کا مفہوم بیان کیجیے۔ (iii) زر کی مختلف اقسام بیان کیجیے۔

(iv) بلاواسطہ اور بالواسطہ محصول کا فرق بیان کیجیے۔ (v) شخصی آمدنی کی تعریف کیجیے۔

(vi) مالیات عامہ اور نجی مالیات کا فرق واضح کیجیے۔

## 'معاشیات پاکستان' (نشانات: ۱۲)

سوال نمبر۳: مندرجہ ذیل میں سے کسی دو جزوی سوالات کے جوابات لکھیے۔ تمام سوالات کے نشانات مساوی ہیں۔

(i) پاکستان کی اہم برآمدات اور درآمدات تحریر کیجیے۔ (ii) پاکستان کے بجٹ خسارے کی اہم وجوہات پر روشنی ڈالیے۔

(iii) پاکستان کے نظام محصولات کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ (iv) پاکستان میں زکوۃ کی معاشی اہمیت پر بحث کیجیے۔

| حصہ "ج" | (تفصیلی جواب کے سوالات) | کل نشانات: ۲۰ |
|---|---|---|

## 'کلی معاشیات' (نشانات: ۱۲)

سوال نمبر۴: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کا جواب تحریر کیجیے۔ تمام جزو کے نشانات مساوی ہیں۔

(i) (الف) زر کی تعریف کیجیے۔ (ب) زر کے وظائف بیان کیجیے۔

(ii) (الف) بین الاقوامی تجارت کی تعریف کیجیے۔ (ب) بین الاقوامی تجارت کے فوائد اور نقصانات تحریر کیجیے۔

(iii) (الف) قومی آمدنی کی تعریف کیجیے۔ (ب) قومی آمدنی کی پیمائش کے کسی ایک طریقے کی وضاحت کیجیے۔

## 'معاشیات پاکستان' (نشانات: ۸)

سوال نمبر۵: مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک جزو کا جواب تحریر کیجیے۔ تمام جزو کے نشانات مساوی ہیں۔

(i) پاکستان کے توازن ادائیگی کے غیر موافق ہونے کی وجوہات پر بحث کیجیے۔ نیز اس کو موافق بنانے کے لئے موثر اقدامات تجویز کیجیے۔

(ii) حکومت پاکستان کے ذرائع آمدن اور اخراجات کی مدات بیان کیجیے۔

www.ilmkidunya.com